© rasailojaraid.com


مولانا محمد ابراہیم فانی



# تعارف تبصرہ کتب

کتاب: نقوش آگہی مصنف: کرنل محمد اعظم صاحب

ضخامت: ۲۸۰ صفحات قیمت: ۲۲۵ روپے

ملنے کے پتہ: رحمان مذنب ادبی سٹریٹ ۱۸ غزالی سٹریٹ جی ٹی روڈ اتحاد کالونی اقبال ٹاؤن لاہور

ہمارے مخدوم کرنل محمد اعظم صاحب کے نام سے قارئین الحق بخوبی واقف ہیں اس لئے کہ اکثر و بیشتر آپ کے وقیع اور مختلف النوع موضوعات پر آپ کی قلمی نگارشات اور مضامین آتے رہتے ہیں۔اور قارئین اس سے مستفید ہوتے ہیں۔اور گویا آپ ہمارے مجلّہ ''الحق'' کے مستقل فیلو اور رفیق ہیں۔افواج پاکستان میں دورانِ ملازمت آپ نے نہ صرف کتاب و مطالعہ سے رابطہ قائم رکھا بلکہ فوجی رسالہ ''ہلال'' میں مضامین بھی لکھتے رہے۔اور اس عرصہ میں کافی مضامین آپ کے منظر عام پر آئے۔اس کے علاوہ دوسرے مؤقر مجلّات اور رسالوں میں اور اسی طرح اخبارات میں آپ لکھتے رہے۔ریٹائرمنٹ کے بعد بھی آپ کا یہ سلسلہ جاری رہا۔اور مدیر ''الحق'' مولانا حافظ راشد الحق سمیع کی ترغیب و تحریض پر الحق کے لئے مختلف موضوعات پر انتہائی پُر مغز اور تحقیقی مضامین حیطۂ تحریر میں لائے۔موصوف کا مطالعہ انتہائی وسیع اور شعر و سخن کا بہت ہی پاکیزہ اور ستھرا ذوق رکھتے ہیں۔اور مختلف جدید و قدیم شعراء کے سینکڑوں اشعار ان کو ازبر ہیں۔

زیرِ تبصرہ کتاب دراصل آپ کے ان مضامین و مقالات کا مجموعہ ہے جو کہ آپ نے ہلال، الحق اور دیگر جرائد میں شائع کئے تھے۔مدیر الحق نے آپ کو مشورہ دیا کہ آپ ان مضامین کو کتابی شکل دے دیں۔اس سلسلہ میں آپ نے ان کے ساتھ مکمل تعاون کیا اور الحمدللہ انہی کی کوششوں سے یہ بیش قیمت علمی تحفہ اور ادبی شہپارہ منصۂ شہود پر آیا ہے۔ پیش لفظ ملک کی مشہور عسکری اور ادبی شخصیت جناب جنرل حمید گل صاحب کا ہے۔انہوں نے کرنل صاحب کو انتہائی شاندار انداز اور خوبصورت الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے۔کتاب ایک ادبی و علمی و تاریخی گلدستہ ہے اس میں تاریخ بھی ہے، تحقیق بھی ہے عسکریات بھی ہیں، ادب بھی ہے، افسانہ بھی ہے اور مزاح بھی۔گویا ہر قسم کے ذوق رکھنے والے شخص کے لئے اس میں دلچسپی موجود ہے۔موصوف ایک عرصہ سے عارضہ فالج میں مبتلا ہیں اور اس کے باوجود تحقیق و جستجو اور شوقِ مطالعہ قابل ستائش و موجب تحسین ہے۔

© rasailojaraid.com